# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور ہوم ورک میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- دیئے گئے الفاظ کے اردو اور انگریزی میں flashcards کلاس میں بورڈ پر لگانے کے لئے تیار کر لیں۔ **تتلی کیٹرپلر پیوپا انڈے کوکون پتے**
- گائیڈ کے آخر میں دی گئی تتلی کی ورک شیٹ بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کر لیں۔

# سیشن 1

**10 منٹ**

- بورڈ پر flashcards لگائیں۔

- بچوں سے تتلی کے بارے میں بات چیت کریں اور اس سے متعلق سوالات کریں۔

1) کیا آپ لوگوں نے تتلی دیکھی ہے؟ کہاں؟
2) کیا آپ نے کبھی تتلی پکڑی ہے؟
3) تتلی کس رنگ کی ہوتی ہے؟
4) تتلی کیا کھاتی ہے؟ اس کا انڈا کتنا بڑا ہوتا ہے؟
5) تتلی کے رنگوں کے نام پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔

**5 منٹ**

- بچوں کو کتاب پڑھ کر سنائیں اور تتلی کی life cycle کے ناموں کو دہرائیں۔

**15 منٹ**

- تصویروں کی مدد سے کہانی پڑھ کر بچوں کو سمجھائیں۔

**10 منٹ**

- 10 - 8 بچوں سے باری باری کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

**5 منٹ** **ہوم ورک**

- کہانی اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 2

10 منٹ
- 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم تتلی کی نظم پڑھیں گے۔ بچوں کو ایکشن کے ساتھ نظم پڑھ کر سنائیں پھر بچوں کے ساتھ مل کر 3 - 2 دفعہ نظم دہرائیں۔

## نظم

① دیکھو باغ میں آئی تتلی
نیلی پیلی کالی تتلی

② پھولوں کا رس پیتی جائے
اسی غذا پہ جیتی جائے

③ نیلے پیلے رنگ ہیں ایسے
رنگوں کی پڑیا ہو جیسے


④ پھول کھلے تو جھوم کے آئے
رنگ برنگے پر پھیلائے

10 منٹ
- بورڈ پر تتلی کی life cycle بنائیں۔ (**نوٹ:** صفحہ نمبر 4 پر تتلی کی life cycle ٹیچر کی سہولت کے لئے دی گئی ہے۔ بورڈ پر life cycle کو اتنا نیچے بنائیں کہ بچوں کے ہاتھ بہ آسانی پہنچ سکیں۔)

- بچوں کے 5 گروپ بنا کر انہیں تتلی کی life cycle کے مختلف stages کے flashcards دیں۔ ہر گروپ بورڈ پر بنی life cycle کے stages کی نشاندہی flashcards سے کرے۔

### ہوم ورک

5 منٹ
- امی یا ابو کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔




# سیشن 3

- **5 منٹ** — سیشن 2 میں پڑھی گئی نظم کے بارے میں بات چیت کریں اور بچوں کے ساتھ مل کر نظم کی دہرائی کریں۔

- **15 منٹ** — بچوں کو جوڑ توڑ کا concept سمجھائیں۔ انہیں بتائیں کہ کسی لفظ کے حروف کو کس طرح الگ کیا جاتا ہے۔ جیسے تتلی = ل ی

  نوٹ: جوڑ توڑ الفاظ کی چھوٹی اشکال کی مدد سے سمجھائیں اور یہ بتائیں کہ آخری حرف (last letter) ہمیشہ بڑی شکل کا ہوتا ہے۔

- **20 منٹ** — بورڈ پر 5 الفاظ لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں ان الفاظ کی توڑ لکھیں۔ بچوں کے پاس جا کر اس کام میں ان کی مدد کریں۔

## ہوم ورک

- **5 منٹ** — الفاظ کو توڑ کر لائیں۔

  پیوپا انڈے کوکون

# سیشن 4

**10 منٹ** • 8 - 10 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

**20 منٹ** • بچوں کو اسم (noun) کے concept سے متعارف کروائیں۔ پہلے ان سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔ بچے جو جوابات دیں انہیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔

1) آپ کا کیا نام ہے؟
2) آپ کہاں رہتے ہیں؟
3) آپ کا پسندیدہ جانور کون سا ہے؟
4) وہ کیا کھاتا ہے؟
5) وہ کہاں رہتا ہے؟

- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی چیز، جگہ، جانور یا انسان کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

**15 منٹ** • بچوں سے باری باری کلاس میں موجود چیزوں کے نام پوچھیں اور بورڈ پر لکھتے جائیں۔

- بچے اپنی کوپی میں ان چیزوں کی تصویریں بنائیں اور اس چیز کے نام کا پہلا اور آخری حرف لکھیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 5 کے لئے ہرے، نیلے، لال اور پیلے رنگ کی پینسلیں بچوں کی تعداد کے مطابق لے کر آئیں۔ ہر بچے کے پاس چاروں رنگوں کی پینسلیں ہوں۔

# سیشن 5

20 منٹ


- بچوں کو تتلی کی ورک شیٹ دیں۔ بچے اس میں اپنی پسند کے رنگ بھریں۔

25 منٹ

- تتلی میں بھرے گئے رنگوں کے نام بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں اس رنگ کا انگریزی نام معلوم ہے۔ بچوں کو ہر رنگ کا انگریزی نام بتائیں۔

# ورک شیٹ

نام ____________________ کلاس ____________________



____________________ ____________________

____________________ ____________________

بچوں سے کہیں کہ تتلی میں بھرے گئے رنگوں کے نام بورڈ سے دیکھ کر لائن پر لکھیں۔

# تتلی سے تتلی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk